## سوال

(841) میں آلات موسیقی توڑنے کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہوں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم اکثر مطالعے میں آتا ہے کہ میں آلات موسیقی توڑنے کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہوں ۔ اس حدیث کا حوالہ مطلوب ہے ۔ محمد صدیق مان

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث (مشکوۃ المصابیح کتاب الحدود ۔ باب بیان الخمر ووعید شاربہا ۔ الفصل الثالث ۔ حدیث رقم ۳۶۵۴- (۲۱) پر موجود ہے نیز مسند امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ المجلد الخامس الصفحہ ۲۵۷-۲۶۸ میں پائی جاتی ہے شیخ البانی حفظہ اللہ تعالیٰ حاشیہ مشکوۃ میں لکھتے ہیں ''وإسنادہ ضعیف'' البتہ صحیح بخاری کتاب الاشربہ ۔ باب نمبر ۶ میں حدیث موجود ہے جس سے آلات موسیقی کا حرام ہونا ثابت ہے ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 01 ص 530

محدث فتویٰ